ایک ہزار بیڈز پر مشتمل نئے ہسپتال کی تعمیر کیلئے پرنسپل پروفیسر سردار الفرید ظفر فوکل پرسن مقرر

عوامی مفاد کے منصوبے کی تکمیل کیلئے پیشہ وارانہ صلاحیتیں بروئے کار لاؤں گا: پرنسپل پی جی ایم آئی

خون کی بیماریوں کے علاج کیلئے پہلی مرتبہ انسٹی ٹیوٹ کا قیام صحت کے شعبے میں انقلابی قدم ثابت ہوگا

لاہور میں اسٹیٹ آف دی آرٹ علاج گاہ کی تعمیر سے عوام کو جدید سہولیات میسر آئیں گی

وزیر اعلیٰ پنجاب اور محکمہ صحت نے جس اعتماد کا اظہار کیا اس پر ہر صورت پورا اترنے کی کوشش کرونگا: پروفیسر الفرید ظفر

لاہور 4 اپریل:.....حکومت پنجاب نے صوبائی دارلحکومت لاہو میں ایک ہزار بستروں پر مشتمل اسٹیٹ آف دی آرٹ نیا ہسپتال تعمیر کرنے کا اصولی فیصلہ کرلیا ہے اور اس منصوبے کا پی سی ون تیار کرنے کیلئے پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ، امیر الدین میڈیکل کالج و لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر کو فوکل پرسن مقرر کر دیا ہے جو انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (IDAP) کے افسران کے ساتھ ہر قسم کا تکنیکی تعاون اور ماہرانہ رہنمائی کریں گے۔ مذکورہ ہسپتال میں 600 بیڈز عام مریضوں کیلئے ہونگے۔ 200 بستروں کا امراض قلب کا انسٹی ٹیوٹ اور 200 بستروں پر مشتمل (Blood Diseases) خون کی بیماریوں کے علاج کا انسٹی ٹیوٹ بھی منصوبے کا حصہ ہوگا۔ ہسپتال کے انفراسٹرکچر کی تیاری متعلقہ شعبوں کیلئے طبی آلات و مشینری کی پروکیورمنٹ (Procurement) کے سلسلے میں فوکل پرسن اور آئی ڈیپ کے ماہرین کو اپنی تجاویز اور سفارشات فراہم کریں گے۔

بطور فوکل پرسن اپنی نامزدگی پر اظہار خیال کرتے ہوئے سربراہ لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر الفرید ظفر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سردار عثمان بزدار اور وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد کی جانب سے تعیناتی میرے لئے باعث فخر ہے اور محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے وہ اس پر ہر صورت پورا اترنے کی کوشش کریں گے اور عوامی مفاد کے اس عظیم منصوبے کی تکمیل کیلئے اپنی پیشہ وارانہ صلاحتیں بروئے کار لاتے ہوئے آئی ڈیپ و دیگر متعلقہ محکموں کے ساتھ دن رات کام کرنے کیلئے تیار ہیں۔

اس حوالے سے میڈیا سے گفتگو میں پرنسپل پروفیسر سردار الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ انشاء اللہ لاہور میں ایک ہزار بستروں پر مشتمل ہسپتال کی تعمیر سے عوام کو علاج معالجے کی جدید سہولیات میسر آئیں گی اور خون کی بیماریوں کے علاج کیلئے یہ ادارہ صوبے کی تاریخ میں صحت کے شعبے میں انقلابی قدم ثابت ہوگا جہاں کینسر اور پیچیدہ بیماریوں کے علاج معالجے کے علاوہ اُن پر تحقیق کی سہولیات بھی میسر آئیں گی۔



پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر پرنسپل پی جی ایم آئی،
امیر الدین میڈیکل کالج و لاہور جنرل ہسپتال